ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((444

مورخہ 27.08.24

**بہاول پور (          ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ دوروز کی مختلف کارروائیوں میں 11 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سمہ سٹہ، اوچشریف اور تھانہ عنائتی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 180 لیٹر شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔ اسی طرح تھانہ صدر بہاولپور اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو 30 گرام چرس اور 10 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ بغدادالجدید، ڈیراور، صدر احمد پور شرقیہ اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 06 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 06 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لی۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ دوروز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

PUNJAB POLICE BAHAWALPUR

PUNJAB POLICE
BAHAWALPUR




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ہدایات پر ضلع بھر میں چہلم حضرت امام حسین علیہ السلام کے موقع پر سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کے حوالے سے جامع سکیورٹی پلان جاری